سوال

(671) خطیب خطبہ جمعہ کے دوران بیمار ہوگیا اور وہ نماز نہ پڑھ سکا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امام صاحب نے جمعہ کے دن خطبہ دیا لیکن پھر وہ دوسرے خطبہ کے دوران بیمار پڑگئے خطبہ مکمل کرنے کے بعد منبر سے نیچے اتر آئے اور شدت مرض کے باعث کھڑے نہ ہوسکے پھر نماز کے پورا ہونے کے بعد انہیں اس مرض سے افاقہ ہو تو کیا وہ قضاء کے طور پر نماز ظہر پڑھیں گے یا نماز جمعہ جب کہ انہیں افاقہ ہوا تو ابھی جمعہ کا وقت ختم نہیں ہوا تھا ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص امام کے ساتھ نماز جمعہ کی ایک رکعت نہ پاسکے اسے نماز ظہر پڑھنا ہوگی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا یہی مفہوم ہے کہ :

«من ادرک رکعة من الجمعة فقد ادرک الصلاة» (سنن ابن ماجہ)

"جو شخص جمعہ کی ایک رکعت پالے اس نے جمعہ کو پالیا"

اور یہ شخص تو امام کے ساتھ نماز جمعہ میں بالکل شریک ہی نہ ہوسکا تھا لہذا اسے ظہر کی نماز ادا کرنا ہوگی، (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر528

محدث فتویٰ